آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفائی سے خبریں سُنئے

17/01/2025 12.30 pm

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں بھارت موبلٹی گلوبل ایکسپو 2025 کا افتتاح کیا۔ چھ روز تک جاری رہنے والی اس نمائش میں 9 سے زیادہ متوازی شوز ، 20 سے زیادہ کانفرنسز اور پویلینز کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

اس ایکسپو کا موضوع ”Beyond Boundaries “ ہے۔ ایکسپو کا مقصد پوری Mobility Value Chain کو ایک ہی چھت کے نیچے متحد کرنا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ” اُمید“ پروگرام کو مزید مستحکم اور نتیجہ خیز بنانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جموں میں ” لکھ پتی دیدی سمیلن“ سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ پروگرام کی کامیابی کےلئے اس کی عمل آوری کے طرز کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ درکار رقومات کو بروقت واگذار کیا جائے گا۔

آٹھواں پے کمیشن

حکومت نے مرکزکے سرکاری ملازمین اور پنشن یافتگان کیلئے آٹھواں پے کمیشن تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلّی میں اِس کا اعلان کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کمیشن کے چیئرمین اور دو ممبروں کی جلد ہی نامزدگی کی جائے گی۔

اِس فیصلے سے 45 لاکھ سے زیادہ مرکزی سرکاری ملازمین اور 68 لاکھ سے زیادہ پنشن یافتگان کو فائدہ ہوگا۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے سول سیکرٹریٹ جموں میں سینئر افسران کے ساتھ میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر میں” دھرتی آبا “ سکیم کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ قبائل کی ہمہ گیر ترقی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

وزیر نے متعلقہ افسروں سے کہا کہ وہ تمام قبائلی علاقوں میں ” دھرتی آبا “کے نفاذ کو یقینی بنائیں ۔ انہوں نے قبائلی طبقوں کے لئے پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کے لئے بنیادی ڈھانچہ، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور ذریعہ معاش میں خلا کو پر کرنے کی کوششوں پر بھی زور دیا۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے گاندھی نگر کے ٹیچرس بھون کے اندر قائم ودیا سمیکشا مرکز کا دورہ کیا اور ادارے کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ چیف سکریٹری نے اس موقع پر کہا کہ یہ سہولت جموں کشمیر کے تعلیمی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مزید بہتر بنانے میں نتیجہ خیز ثابت ہو گی ۔انہوں نے کہا کہ اس سہولت کا مقصد اسکولوں میں داخلہ لینے والے طلباءکے تعلیمی معیارکو بہتر بنانا ہے۔

صوبائی کمشنر کشمیر

ڈیجیٹل گورننس کو فروغ دینے اور شہریوں کے لئے بغیر کسی رکاوٹ کے رسائی کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم پیش رفت میں، صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے Secure , Scalable and Sugamya Websites as a Service سے چلنے والی ویب سائٹ کا باضابطہ آغاز کیا ہے۔ S3WAAS یعنی

اس کا مقصد انتظامیہ اور شہریوں کے درمیان ایک مضبوط اور صارف دوست ڈیجیٹل انٹرفیس کو مربوط کرنا ہے، جو خدمات کی فراہمی میں شفافیت اور کارکردگی یقینی بناتا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے کہا کہ اس ویب سائٹ کی شروعات بہتر طرز حکمرانی کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کے انتظامیہ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ ویب سائٹ divcomkashmir.jk.gov.in پر اپنی تجاویز بھیجیں۔

دستکاری

کشمیر کے ثقافتی ورثے کو فروغ دینے اور مقامی کاریگروں کو با اختیار بنانے کی ایک پہل کے طور ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم ڈپارٹمنٹ نے کاریگروں کو بلا معاوضہ 10کانی لومز اور 25 خصوصی نمدہ سیٹ تقسیم کئے ۔

اس سلسلے میں ہینڈی کرافٹس بلاک آفس صفاکدل سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کی صدارت کرتے ہوئے ڈائریکٹر ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم مسرت الاسلام نے کہا کہ اس پہل کا مقصد کشمیر کی صدیوں پرانی دستکاری روایات کے احیائے نو کو یقینی بنانا ہے ۔

کولگام

طبی منظر نامے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے تحت کولگام کے ضلع اسپتال میں جدید ڈیجیٹل ریڈیو گرافی نظام نصب کیا گیا ہے ۔ ضلع کے لوگوں نے اس سہولت کی دستیابی پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔

شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ضلع اسپتال کے میڈیکل سپر انٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالغنی رینہ نے کہا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****